الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ١٠٦٩٨ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name :	**SALMAN IQTIDAR**	Serial No :	**18442**
Address :	**KARACHI**	Date :	**1/24/2013**
Subject :	**JAIZ-NAJAIZ**	Contact No:	
Writer :	ضیاء الرحمٰن	Email :	

ASSALAM-0-ALAIKUM R/SIR I AM DOING JOB IN STATE BANK OF PAKISTAN IN CASH DEPARTMENT AS A ASST TREASURY OFFICER MY JOB IS JAIZ - NAJAIZ REPLY I WILL BE WAITING YOUR RESPONCE THANKS

میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں کیش ڈپارٹمنٹ میں نوکری کرتا ہوں، جیسا کہ میں وہاں معاون آفیسر ہوں، میری نوکری جائز ہے. برائے مہربانی مجھے جلد از جلد جواب لکھ کر دیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً

اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں ہر وہ جاب کرنا جس کا تعلق براہِ راست سودی لین دین سے ہو، حرام ہے البتہ ایسی نوکری جس کا تعلق براہِ راست سودی لین دین سے نہ ہو جیسے صفائی وستھرائی کرنا، چوکیداری کرنا وغیرہ تو ایسی نوکری اختیار کرنے کی اگرچہ گنجائش ہے مگر ایک سودی ادارہ سے تعلق ہونے کی وجہ سے یہ بھی مکروہ ہے جس سے احتراز کرنا بہتر ہے۔

فی صحیح مسلم: عن جابر رضی اللہ عنہ. قال لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آکل الربوا ومؤکلہ وکاتبہ وشاہدیہ وقال ہم سواء اھ (ج ٢ ص ٢٧).

وفی تکملۃ :- قولہ "وکاتبہ" لأن کتابۃ الرباء إعانۃ علیہ ومن ہنا ظہر أن التوظف فی البنوک الربویۃ لایجوز، فإن کان عمل الموظف فی البنک ما یعین علی الرباء کالکتابۃ أو الحساب فذلک حرام بوجہین، الأول: إعانۃ علی المعصیۃ والثانی أخذ الأجرۃ من المال الحرام فإن معظم دخل البنوک حرام مستجلب بالرباء وأما إذا کان العمل لاعلاقۃ لہ بالربا فإنہ حرام للوجہ الثانی فحسب، فإذا وجد بنک معظم دخلہ حلال جاز فیہ التوظف للنوع الثانی من الاعمال اھ (ج ١ ص ٦١٩) واللہ اعلم بالصواب

ضیاء الرحمٰن عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی ١٦
٦/ شعبان ١٤٣٤ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٦ / ٩ / ١٤٣٤ھ

الجواب صحیح
دار الافتاء
الرئیس

دار الافتاء
١٤٣٤
٦/٩/٣٤ھ

الجواب صحیح
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
٩ شعبان ١٤٣٤

16/7/13